# پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (PBC)، ایچ پی ٹی، راولپنڈی

## ٹینڈر نوٹس

پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (PBC)، ایچ پی ٹی، راولپنڈی اپنی حدود میں واقع خالی اراضی سے جنگلی شہتوت کے درخت، گھنی جھاڑیاں، خودرو غیر ضروری پودے، گرے ہوئے اور خشک درختوں کی کٹائی، صفائی، سائٹ سے اٹھائی اور منتقلی کے کام/نیلامی کے لیے تجربہ کار اور اہل فرموں/ٹھیکیداروں سے بولیاں طلب کرتا ہے۔ متعلقہ نوعیت کے کام کا مناسب تجربہ رکھتے ہوں، کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری یا خودمختار ادارے کی بلیک لسٹ میں شامل نہ ہوں اور قابل اطلاق تمام ٹیکسز اور قانونی تقاضوں کی پابندی کرتے ہوں۔ کامیاب بولی دہندہ پندرہ (15) دن کے اندر مذکورہ تمام مواد سائٹ سے ہٹا کر اراضی کی مکمل صفائی کرنے کا پابند ہوگا، جبکہ صفائی کے دوران موجود تقریباً 225 سبز اور مفید درخت ہر صورت محفوظ رکھے جائیں گے۔ کسی بھی مفید درخت، سرکاری املاک، عمارت، دیوار، سڑک، یوٹیلیٹی لائن یا دیگر تنصیبات کو نقصان پہنچنے کی صورت میں اس کی مکمل ذمہ داری اور ازالہ کامیاب بولی دہندہ کے ذمے ہوگا۔

ہر بولی دہندہ ٹھیکہ/بولی کے وقت سے قبل مالی ضمانت یا بڈ سیکورٹی (bid security) کے طور پر مبلغ -/100000 روپے قابل واپسی بینک ڈرافٹ/پے آرڈر بنام کنٹرولر پی بی سی، ایچ پی ٹی، راولپنڈی کے پاس جمع کروانے ہونگے جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی (bid security) ایڈجسٹ ہو جائیگی۔ ہر بولی دہندہ کے لیے بولی جمع کرانے سے قبل سائٹ کا معائنہ کرنا لازمی ہوگا تاکہ کام کی نوعیت، مقدار اور زمینی حقائق کا مکمل اندازہ ہو سکے، بعد ازاں اس ضمن میں کسی قسم کا دعویٰ یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ جبکہ مبلغ -/10000 روپے (bid processing fee) ہوگی جو کہ ناقابل واپسی ہوگی۔

کامیاب بولی دہندہ موقع پر bid security کے علاوہ اپنی پیشکش کی کل مالیت کا پچیس فیصد (25%) بمعہ قابل اطلاق ٹیکس بطور Pay Order/Bank Draft بنام **Controller, PBC HPT, Rawalpindi** جمع کرانے کا پابند ہوگا، جبکہ بقیہ رقم پندرہ (15) دن کے اندر جمع کروانا لازم ہوگی۔ مقررہ مدت میں بقیہ رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں جمع شدہ 25 فیصد رقم اور (bid security) بحق ادارہ ضبط کر لی جائے گی، بولی منسوخ تصور ہوگی، اور ادارہ دوسرے یا تیسرے نمبر کے بولی دہندہ کے ساتھ مذاکرات کر کے مناسب شرائط پر کام/نیلامی دینے کا مجاز ہوگا۔

بولی/ٹینڈر میں شرکت کے خواہشمند افراد اپنا اصل قومی شناختی کارڈ بمعہ فوٹو کاپی جمع کرائیں گے، جبکہ کسی کمپنی کے نمائندے کی صورت میں مجاز اتھارٹی کا اتھارٹی لیٹر، اصل قومی شناختی کارڈ اور اس کی فوٹو کاپی پیش کرنا لازمی ہوگا۔ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن کے صدر دفتر، اسلام آباد کی نگران نیلامی کمیٹی، مقامی نیلامی کمیٹی کے ذریعے نیلامی کے تمام مراحل کی نگرانی کرے گی، جو صدر دفتر اور دفتر کنٹرولر، پی بی سی ایچ پی ٹی، راولپنڈی کے درمیان قائم ویڈیو لنک کے ذریعے انجام دی جائے گی۔

کامیاب بولی دہندہ اس بات کا پابند ہوگا کہ صفائی، کانٹ چھانٹ، کٹائی، اٹھائی اور منتقلی کا تمام کام متعلقہ ماحولیاتی قوانین، پنجاب/وفاقی ماحولیاتی تحفظ کے ضوابط اور مجاز حکام کی ہدایات کے مطابق انجام دے گا۔ صرف جنگلی شہتوت کے درخت، گھنی جھاڑیاں، خودرو غیر ضروری پودے، گرے ہوئے اور خشک درخت ہی ہٹائے جائیں گے، جبکہ تمام مفید، صحت مند اور محفوظ رکھنے کے لیے نشان زدہ درختوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔ اگر کام کے دوران کسی بھی مفید درخت، سرکاری املاک یا ماحول کو نقصان پہنچتا ہے یا متعلقہ ماحولیاتی ادارے کی جانب سے کوئی جرمانہ، دعویٰ یا کارروائی عمل میں آتی ہے، تو اس کی تمام تر ذمہ داری اور مالی واجبات کامیاب بولی دہندہ پر عائد ہوں گے۔ ضرورت پڑنے پر متعلقہ ماحولیاتی ادارے سے درکار اجازت نامے یا این او سی حاصل کرنا بھی کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی

بولیاں **01 ستمبر 2026 بوقت 11:00 صبح** تک دفتر کنٹرولر، پی بی سی ایچ پی ٹی، راولپنڈی میں شروع ہوگی۔ نامکمل، مشروط یا مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والی بولیاں قابل قبول نہیں ہوں گی۔ مجاز اتھارٹی کو PPRA Rules, 2004 کے مطابق کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ ہوگا۔

پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن ماحولیاتی تحفظ کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ صفائی مہم کا مقصد صرف جنگلی، خودرو، خشک، گرے ہوئے اور غیر ضروری درختوں اور جھاڑیوں کا خاتمہ ہے، جبکہ تمام سبز اور مفید درخت ہر صورت محفوظ رکھے جائیں گے۔ کام کی تکمیل کے بعد ادارہ مناسب مقامات پر مقامی آب و ہوا سے مطابقت ... سایہ دار اور پھلدار درخت و پودے مرحلہ وار لگائے گا تاکہ سبزہ، خوبصورتی اور ماحولیاتی توازن کو فروغ دیا جا سکے۔

کنٹرولر

پی بی سی ایچ پی ٹی، راولپنڈی

0345-5132053، 051-9334245

PID(I)1347/26